Maulana Azad National Urdu University

Department of Arabic

B.A. V Semester Examination, December 2023

BAEC503DST : Public Finance

Total Marks: 70 **Time: 3 Hours**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہیں : حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم -ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے -

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/خالی جگہوں پر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں ہر سوال کا جواب لازمی ہے ہر سوال کے لیے 1 نمبر ہے (10x1=10 marks)

2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (200) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں (5x6=30 marks)

3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (500) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں (3x10=30 marks)

حصہ اوّل

1. درج ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔

1. ذیل میں سے کون سی، شکستگیٔ بازار market failure کی مثال نہیں ہے؟

A. خارجیات Externalities

B. غیر کامل معلومات Imperfect information

C. اشیائے عامہ Public goods

D. کامل مسابقت Perfect Competition

2. درج ذیل میں سے کیا، اشیائے عامہ Public goods کی خالص Pure شکل کی مثال ہے؟

A. شاہراہیں

B. تعلیم

C. قومی دفاع

D. آگ سے حفاظت کا عملہ

3. حقوقِ ملکیت property rights کی واضح تفویض و تخصیص clear definition کے ذریعے سے خارجیات externalities کے مسئلہ کا حل کیا جاسکتا ہے۔ یہ تصور کس نے پیش کیا؟

A. جوزف اسٹگلٹز

B. ایڈولف ویگنر

C. رچرڈ مسگریو

D. رونلڈ کوز

4. پیگوائی ٹیکسPigouvian taxکیا کرتا ہے؟

A. آلودگی کی مقدار متعین کرتا ہے۔

B. آلودگی کو کم کرنے کے لئے مزید اختراعات کی ترغیبات کو ختم کرتا ہے۔

C. آلودگی کے حقوق کی طلب کو متعین کرتا ہے۔

D. ان میں سے کوئی نہیں

5. مرکزی اور ریاستی حکومت کے درمیان محاصلِ ٹیکسTax revenueکی تقسیم کا مقصد درج ذیل میں سے کس عدم توازنImbalanceکو درست کرنا ہے؟

A. عمودی عدم توازنVertical

B. افقی عدم توازنHorizontal

C. قطری عدم توازنDiagonal

D. متقاطع عدم توازنCriss-cross

6. اشیائے عامہ_______Public Goodsہوتی ہیں۔

A. مستعبد Excludable

B. غیر مستعبدNon – excludable

C. قابل فروختMarketable

D. اوپر کے تمام

7. مالیاتی وفاقFiscal Federalismکے کیا معنی ہیں؟

A. مرکز وریاستوں کے درمیان سیاسی طاقت کا اشتراک

B. معاشی منصوبوں کی تنظیم ونفاذ

C. مرکز اور ریاستوں کے درمیان معاشی امور ووسائل کی تقسیم

D. ان میں سے کوئی نہیں

8. ایسا کہا جاتا ہے کہ محصولِ آمدنی کی شرحrates on income taxکے کم ہونے سے محاصلِ ٹیکس tax revenueمیں اضافہ ہوتا ہے۔ یہ خیال کس کی جانب منسوب کیا جاتا ہے؟

A. ہربرٹ سائمنHerbert Simon

B. رابرٹ لوکاسRobert Lucas

C. آرتھر لیفرArthur Laffer

D. جے بی سےJB Say

9. محصول کاری میں میں "اتلاف کارکردگی خسارہ Deadweight Loss" کے تصور سے مراد:

A. ٹیکس چوری کی وجہ سے محاصل محصول Tax Revenue کا نقصان۔

B. صارفین کے افادہ Consumers Surplus اور پیداکاروں کے افادہ Producers Surplusکا نقصان۔

C. بازار کی قیمتوں پر افراط زر کا اثر۔

D. حکومتی اخراجات کی غیر موثریت۔

10. "عوامی وسائل کے المیہ "Tragedy of Commons" سے کیا مراد ہے؟

A. مشترکہ وسائل کا کثرت سے استعمال اور فرسودگی۔

B. نجی املاک کے حقوق میں حکومت کی مداخلت۔

C. منڈی میں وسائل کی غیر موثر تقسیم۔

D. پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی ناکامی۔

حصہ دوم

2. متناسب Proportional اور متزائد Progressive محصول کی تعریف معہ مثال واضح کیجئے۔

3. درج ذیل میں سے کس خدمت یا شئے کو شکل شمار ا میں کس جگہ رکھا جائے گا؟

1. اعلیٰ تعلیم
2. مقامی پارک
3. نیشنل پارک
4. پانی کی نکاسی کا پلانٹ
5. پانی
6. بجلی
7. ٹیلیفون خدمات
8. دوائیں
9. پولس انتظامیہ
10. ٹی وی



شکل شمار ا

4. محصولِ دولت (Wealth Tax) کا تصور بیان کیجئے۔ یہ تصور محصول آمدن کے مقابلے میں کیوں بہتر ہے واضح کیجئے۔

5. عالمی سطح پر ہر جگہ ملکی معیشتوں میں عوامی شعبہ کے رفتہ رفتہ فروغ پانے کی وجوہات بیان کیجئے۔

6. ٹیکہ کاری vaccination سے متعلق مسائل کا عوامی اشیاء اور خارجیت Externalities کے تناظر میں محاکمہ کیجئے۔ عموماً کیوں عوام اپنی مرضی سے ٹیکہ کاری سے گریز کیوں کرتی ہے؟

7. عوامی قرض کے انفکاک Redemption کے طریقوں کو واضح کیجئے۔

8. تقلیلِ تعدیل Deregulation اور نج کاری Privatisation کے حق میں بڑھتی ہوئی اتفاق رائے کا پس منظر واضح کیجئے۔

9. اشیاءِ فضل Merit Goods کی اہمیت اور کیفیت پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10. اشیاءِ عامہ کی فراہمی کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

11. عوامی خرچ کے قوانین Canons کی وضاحت کریں۔

12. ایک چھوٹے سے شہر کے معاملے پر غور کیجئے، جہاں بہتر اجرت ملنے پر مزدور، بہ آسانی ایک جگہ سے دوسری جگہ جا سکتے ہوں۔ ایسے شہر میں اگر اجرتوں پر محصول عائد کیا جائے تو اس محصول کا وجوب Incidence اور وقوع Impact پر روشنی ڈالیے۔ دوسری صورت میں اگر مزدوروں کے لئے ہجرت کر کے کسی دوسرے علاقے میں جانا ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں وجوب و وقوع کی کیفیت میں کیا تبدیلی پیدا ہو گی؟

13. جی ایس ٹی کس طرح ملک میں معاشی عدم مساوات کو فروغ دے سکتا ہے؟

14. ہندوستان میں محصولی وفاق Fiscal Federalism کی کیفیت پر تفصیلی مضمون لکھئے۔

***